19

4823CH19

سِتارے

بچّہ

امّی! یہ جو آکاش پہ بکھرے ہیں سِتارے
کلیوں سے بھی اچھّے ہیں یہ، پھولوں سے بھی پیارے
یہ شوخ نگاہوں سے مجھے تاک رہے ہیں
کِرنوں کی پَلک سے مجھے کرتے ہیں اِشارے
کہتے ہیں یہ مجھ سے کہ ذرا دوست، اِدھر آؤ
آجاؤ، دکھائیں تمھیں جَنّت کے نظارے
کِرنوں کی چمکتی ہوئی سیڑھی پہ میں چڑھ کر
امّی! دو اِجازت مجھے، چُن لاؤں یہ سارے
جانے دو مجھے، جاکے ذرا جیب کو بھر لاؤں
آدھے یہ مِرے ہوں گے تو آدھے یہ تمھارے

© NCERT not to be republished

ماں

بیٹا! یہ جو آکاش پہ بِکھرے ہیں ستارے
کل صبح کو افسوس، یہ چُھپ جائیں گے سارے
جھوٹے ہیں یہ سب، کرتے ہیں بچّوں سے شرارت
بیٹا! کبھی آئیں گے نہ یہ ہاتھ تمھارے
ہاں، علم کے آکاش پہ پہنچوگے اگر تم
واں پاؤگے لاکھوں ہی چمکتے ہوئے تارے
ہیرے بھی اگر دوگے تو پاؤگے نہ اِن کو
ہیروں سے بھی مہنگے ہیں یہ، پھولوں سے بھی پیارے
بس علم کے آکاش، کتابوں کے وَرَق ہیں
الفاظ سب ان کے ہیں چمکتے ہوئے تارے

(راجہ مہدی علی خاں)

© NCERT not to be republished

مشق

I پڑھیے اور سمجھیے:

آکاش	:	آسمان
شوخ	:	چنچل، شریر
تاکنا	:	دیکھنا
ہاتھ آنا (محاورہ)	:	حاصل ہونا
عِلم	:	پڑھائی لکھائی
واں	:	وہاں
وَرَق	:	پنّا

II سوچیے اور بتائیے:

1۔ بچّے نے اپنی ماں سے ستاروں کے بارے میں کیا کہا؟

2۔ بچّہ اپنی ماں سے کس بات کی اجازت چاہتا ہے؟

3۔ ستارے بچّے سے کیا کہہ رہے ہیں؟

4۔ بچّے کی بات سن کر ماں نے کیا جواب دیا؟

5۔ ماں نے علم کے تاروں کو آسمان کے تاروں سے زیادہ قیمتی کیوں کہا؟

6۔ 'علم کے آکاش' کسے کہا گیا ہے؟

III نظم کے مطابق خالی جگہیں بھریے:

1۔ امّی! یہ جو............................پہ بکھرے ہیں ستارے (آسمان/آکاش)

2۔ یہ شوخ............................سے مجھے تاک رہے ہیں (نگاہوں/آنکھوں)

© NCERT not to be republished

3۔ آجاؤ، دکھائیں تمھیں .... کے نظارے (جنّت/ دُنیا)

4۔ ....بھی اگر دو گے تو پاؤ گے نہ اِن کو (موتی/ہیرے)

5۔ بس علم کے آکاش، .... کے وَرَق ہیں (رسالوں/کتابوں)

IV نیچے دیے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے:

تاکنا اشارہ کرنا ہاتھ آنا چھُپ جانا

V ’’کلیوں‘‘ جمع ہے، اس کا واحد ’’کلی‘‘ ہے۔

☜ اسی طرح آپ بھی نیچے دیے ہوئے لفظوں کے واحد بنایئے:

پھولوں............ نگاہوں............ پلکوں............ کرنوں............

دوستوں............ کتابوں............ لاکھوں............ جیبوں............

VI نیچے دیے ہوئے لفظوں کا املا درست کرکے لکھیے:

عاکاش نزارے سُبح اِلم الفاذ اجاجت

....

VII عملی کام:

☜ اس نظم کو زبانی یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished